© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

## (۱) اقبالؒ اور احیائے دین

مصنف .......... خالد علوی

صفحات ........ ۹۲

سائز ...... $\frac{۲۰ - ۳۰}{۱۶}$

قیمت ..... ۲ روپے ۱۰ پیسے

ناشر ........ المکتبۃ العلمیہ ۱۵ لیک روڈ لاہور

یہ کتابچہ جناب خالد علوی صاحب کی ایک تقریر پر مشتمل ہے جسے حک و اضافے کے بعد شائع کیا گیا ہے۔ موضوع نہایت اچھوتا اور وقتی تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ کتابچہ پڑھنے کے بعد اس موضوع پر مزید کچھ جاننے کی جستجو پیدا ہوتی ہے۔ امید ہے کہ مصنف آئندہ ایڈیشن میں اس کتابچے کو کچھ مزید وسعت دے کر اس کی تشنگی کو دور کرنے کی کوشش کریں گے۔ کتابچہ بہر حال بہت ہی خیال انگیز اور فکر افروز ہے۔ طباعت عمدہ اور سرورق دیدہ زیب ہے۔

## ۲۔ حفاظتِ حدیث

مصنف .......... خالد علوی

صفحات ........ ۳۵۴

سائز ........ $\frac{۲۲ \times ۳۲}{۱۶}$

قیمت ....... ۱۲ روپے

ناشر ...... المکتبۃ العلمیہ ۱۵۔ لیک روڈ لاہور

دورِ حاضرہ میں انکارِ حدیث کا فتنہ بہت زور پکڑ گیا ہے اور متجددین تو بالخصوص انکارِ حدیث کے لئے بہانہ جو رہتے ہیں۔ بقول علامہ تمنا عمادی مرحوم حضرت موسیٰ علیہ السلام کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


مغلوب الغضب ہو کر اپنے بھائی کی ریش پکڑ کر کھینچنے کا واقعہ اگر قرآن کی بجائے حدیث میں بیان ہوتا تو منکرین حدیث اس واقعہ کا سرے سے ہی انکار کر دیتے اور دلیل یہ دیتے کہ یہ واقعہ اخلاق نبوی کے معیار پر پورا نہیں اترتا۔ جناب خالد علوی صاحب نے اپنی اس کتاب میں بڑی محنت اور عرق ریزی سے علوم حدیث کی اہمیت، تاریخ اور تدوین پر مستند مواد اکٹھا کر کے ایک دلچسپ پیرائے میں حفاظت حدیث کے مقدس فریضہ کو سرانجام دیا ہے اور اس تصنیف میں تحقیق و تدقیق کا ایک بلند معیار پیش کیا ہے۔ امید ہے یہ کتاب علمی حلقوں میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھی جائے گی۔ طباعت معیاری ہے۔

## ۳۔ فلسفۂ اقبال کا مطالعہ

مصنف . . . . . بشیر احمد ڈار

صفحات . . . . . . . . ۲۲۹

سائز . . . . . . $\frac{۲۲ \times ۳۲}{۱۶}$

قیمت . . . . . . . . درج نہیں ہے۔

ناشر . . . . . . شیخ غلام علی اینڈ سنز، چوک انار کلی لاہور

اقبالیات کے سلسلے میں جناب بشیر احمد ڈار صاحب کا نام اور علمی مقام محتاجِ تعارف نہیں۔ اس وقت تک اس موضوع پر آپ کے قلم سے متعدد تصانیف شائع ہو کر شائقین اقبال سے خراجِ تحسین وصول کر چکی ہیں بلکہ ان کی بعض تصانیف کی شہرت ملکی حدود سے باہر بھی پھیل چکی ہے۔ چنانچہ میسرز میکملن اینڈ کمپنی نیویارک کی شائع کردہ انسائیکلو پیڈیا آف فلاسفی میں آپ کے قلم سے اقبال پر ایک مضمون شامل ہے۔ زیر نظر کتاب کا یہ تیسرا ایڈیشن ہے جو ۱۹۷۱ء میں شائع ہوا، جب کہ اس کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۴۷ء کے فسادات میں جل کر ضائع ہو گیا تھا۔ انگریزی زبان میں اقبال کے نظام افکار کو سمجھنے کے لئے یہ کتاب اپنی جگہ پر ایک خود مکتفی اور بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ کتاب کے ابواب اقبال کے نظریۂ حق، اقبال کے پیشرو، اقبال کا نظریۂ خودی اور اقبال کا نظریۂ معاشرہ پر مشتمل ہیں جن میں اقبال کے بنیادی خیالات بڑی جامعیت کے ساتھ سمو دیئے گئے ہیں۔ کتاب کی طباعت دیدہ زیب، کاغذ عمدہ اور سرورق سادہ و پرکار ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com